© rasailojaraid.com

کتاب چونکہ انتہائی ضخیم ہے، جس سے عدیم الفرصت حضرات کا استفادہ کرنا قدرے دشوار تھا، اس لئے ضرورت اس امر کی تھی کہ کوئی صاحب اس کی ایسی جامع تلخیص کردیں کہ نہ اصل کتاب کے مقاصد متاثر ہوں اور نہ اس کی روح مجروح ہو اور بہت کم وقت لے کر وہ قاری کو بہت کچھ دے دے۔

زیر نظر کتاب میں مولانا عبدالوحید معاویہ فاضل جامعہ فاروقیہ و متخصص فی الدعوۃ والارشاد جامعہ دارالعلوم کراچی نے یہ ضرورت انتہائی احسن انداز میں پوری کی ہے۔ انہوں نے نہ صرف یہ کہ کتاب کی تلخیص کی ہے، بل کہ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے کتاب میں مفید عنوانات کا اضافہ کر کے اس سے استفادہ کو مزید آسان تر بنا دیا ہے۔ نیز ہر بحث کے اختتام پر فریقین کے دلائل کا تقابلی جائزہ پیش کر کے قرآن و حدیث پر عمل کرنے کے اس لامذہب فرقے کے دعوے کی قلعی کھول کر رکھ دی ہے۔ یہ اس کتاب کی انتہائی عمدہ اور جامع تلخیص ہے۔ امید ہے عوام و خواص اس کی کماحقہ پذیرائی کریں گے۔ کتاب کی سیٹنگ و کمپوزنگ عمدہ اور طباعت معیاری ہے۔

**نصاب تجوید** : تالیف: قاری ممتاز احمد صاحب سرحدی۔ ناشر: مکتبہ حقانیہ بوغرہ روڈ چمن، بلوچستان۔ سائز: 23×36/16۔ صفحات: حصہ اول: 62، حصہ دوم: 268۔ قیمت: درج نہیں۔

کتاب کے دونوں حصوں کا تعارف لکھتے ہوئے فاضل مؤلف لکھتے ہیں: ''ہندو پاک کے مدارس تجوید میں عموماً علم تجوید کی تین کتابیں جمال القرآن، فوائد مکیہ اور مقدمۃ الجزریہ داخل نصاب ہیں، بندہ نے ان تینوں کتابوں کا تیس سال تک درس دیا، دوستوں اور شاگردوں کی فرمائش اور اصرار کی وجہ سے ان کو بطرز سوال و جواب لکھا اور ان کا نام نصاب تجوید رکھا، پھر نصاب تجوید کو دو حصوں میں تقسیم کر کے جمال القرآن اور فوائد مکیہ کو ''حصہ اول بنام سو سوال'' کر دیا، کیوں کہ یہ دونوں کتابیں سو سوالوں پر محیط ہیں اور نصاب تجوید کی تیسری کتاب مقدمۃ الجزریہ کو الگ حصہ دوم میں سو اسباق میں جمع کر کے اس کا نام سو سبق رکھا......''

فاضل مؤلف حضرت مولانا قاری محمد شریف رحمۃ اللہ علیہ کے ممتاز تلامذہ میں سے ہیں اور فن تجوید میں انہیں نمایاں مقام اور امتیازی حیثیت حاصل ہے، زیر نظر تالیف ان کی فن تجوید میں مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے، اگر اساتذہ تجوید علم تجوید کی ان تینوں کتابوں کی تدریس میں فاضل مولف کے نصاب تجوید کو پیش نظر رکھ کر ان کے اسلوب سے استفادہ کریں تو یقیناً یہ اسلوب اس فن کے سمجھنے و سمجھانے میں کافی ممد و معاون ثابت ہوگا۔ امید ہے تجوید کے اساتذہ و طلبہ اس خدمت کی کماحقہ پذیرائی کریں گے۔ کتاب کی سیٹنگ، کمپوزنگ اور طباعت میں سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

**نماز و مسنون دعائیں** : تالیف: محترمہ ام وردہ۔ ناشر: مکتبہ بیت العلم، ڈیفنس ویو فیز 2 کراچی۔ سائز: 23×36/16۔ صفحات: 104۔ قیمت: 30 روپے۔

زیر تبصرہ کتاب نماز کے مکمل طریقے، نماز کے فرائض، واجبات، سنن، مستحباب، مکروہات اور مفسدات وغیرہ پر مشتمل


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہے، اس کے علاوہ دنیا وآخرت کی بھلائیوں پر مشتمل مسنون دعائیں، چہل حدیث، اسمائے حسنی، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مختلف روحانی وجسمانی بیماریوں کے علاج کے لئے ماثور وظائف اور مفید اسلامی معلومات بھی ذکر کی گئی ہیں۔ فاضل مؤلفہ کا انداز بیان نہایت عام فہم ودلکش، اردو شستہ ورواں اور معلومات مستند وٹھوس ہیں۔ امید ہے عام مسلمان خواتین وحضرات اس کی قدردانی کریں گے۔

**قواعد التجوید** : زیر نظر کتابچہ بھی محترمہ ام وردہ کی ہی تالیف ہے، جس میں انہوں نے انتہائی جامع اختصار کے ساتھ تجوید کے قواعد بیان کئے ہیں۔ آسان اور عام فہم اسلوب میں لکھا گیا یہ کتابچہ اردو خواں طبقے کے لئے نہایت مفید ہے۔ امید ہے اس کی قدر افزائی کی جائے گی۔ ملنے کا پتہ یہ ہے: مکتبہ بیت العلم، ڈیفنس ویو فیز 2 کراچی۔

**غیر سید سے سیدہ عورت کا نکاح** : تالیف: مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن۔ ناشر: دار التصنیف دار العلوم سعدیہ اوگی، مانسہرہ۔ سائز: 23×36/16۔ صفحات: 108۔ قیمت: درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب ہزارہ ڈویژن کے نامور اور ممتاز عالم حضرت مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن کی تحقیقی وعلمی کاوش ہے، جس میں انہوں نے قرآن وحدیث اور فقہاء احناف کی تصریحات سے یہ بات ثابت کیا ہے کہ نکاح میں اگرچہ کفاءت معتبر ہے، مگر یہ اولیاء کا حق ہے، اگر وہ اپنے اس حق کو ساقط کرتے ہوئے غیر کفو میں اپنی لڑکی کا نکاح کردیں تو وہ نکاح منعقد ہو جائے گا۔ یہی حکم سیدزادی کا بھی ہے، اگر اس کے اولیاء اس کا نکاح غیر سید سے کردیں تو وہ نکاح جائز ہوگا۔ اس کتاب کی وجہ تالیف بیان کرتے ہوئے فاضل مؤلف نے لکھا ہے کہ ان کے دار الافتاء سے ”ولی کی رضامندی سے سیدہ عورت کے غیر سید سے نکاح“ کی بابت استفتاء کے جواب میں جواز کا فتویٰ دیا گیا۔ جس کے جواب میں ایک اور صاحب علم نے عدم جواز کا فتویٰ صادر کیا۔ دار الافتاء میں جب عدم جواز کا فتویٰ آیا تو فاضل مؤلف نے اپنے باصلاحیت فرزند مفتی امین الرحمٰن کو اس کا جواب لکھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے اس کا انتہائی تحقیقی اور مدلل جواب لکھا، جسے کافی پسند کیا گیا۔ کتاب کے آخر میں ان کے اس تحقیقی جواب کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مگر مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر فاضل مؤلف کو اس بات کا خیال آیا کہ اس کی مزید وضاحت ہونی چاہئے، چنانچہ انہوں نے اس کے تمام گوشوں پر تفصیلی وتحقیقی کلام کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ ہر بات اور ہر مسئلہ باحوالہ ہو۔

یہ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ معیاری کاغذ پر چھپی ہے۔ کمپوزنگ اور سیٹنگ میں سلیقہ مندی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

**تحفہ اعتکاف** : زیر تبصرہ کتابچہ میں مولانا ابوحذیفہ شاہد محمود صاحب نے ماہِ رمضان کی ایک اہم ترین عبادت اعتکاف کے ضروری مسائل، اقسام، فضائل، شرائط، مکروہات، ممنوعات، مفسدات، وغیرہ پر نہایت مختصر مگر جامع انداز سے روشنی ڈالی ہے، عام مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بغایت مفید ہے، ملنے کا پتہ یہ ہے: اسلامی کتب خانہ بالمقابل مدنی مسجد مانسہرہ اور رحمانیہ دینی کتب خانہ پکھوال روڈ مانسہرہ۔ ......................☆



© rasailojaraid.com